دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ اسکولوں کی بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان کیا:

## آن لائن امتحان پورٹل پر مارک شیٹ دستیاب ہے

New Delhi, May 14, 2025

دفتر، کنٹرولر امتحانات (سی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج جامعہ کے مختلف اسکولوں کی بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان کیا۔ پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج دوپہر باقاعدہ طور پر نتائج جاری کیے۔

اس سال کل نوسو پانچ طلبہ نے بارہویں جماعت کا امتحان دیا تھا جس میں الگ الگ اسٹریم میں طلبہ کی تعداد اس طرح تھی: آرٹس اسٹریم: دوسو تیرسٹھ طلبہ (لڑکے بانویں، لڑکیاں ایک سو اکہتر) کامرس اسٹریم: ایک سو چوراسی طلبہ (لڑکے ایک سو چار، لڑکیاں اسّی)، اور سائنس اسٹریم: چارسو اٹھاون طلبہ (لڑکے ایک سوستانوے، لڑکیاں دوسو ایکسٹھ)

پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر رضوی نے بارہویں جماعت کے امتحان میں کامیاب تمام طلبہ کو مبارک باد دی ہے۔ اس موقع پر پروفیسر آصف نے کہا 'تینوں زمروں میں شان دار نتائج سے تمام طلبہ اوران کے والدین کی سخت کوشش، پختہ یقین اوران کا استقلال واضح ہے۔ یہ امر خاص طور پر باعث تقویت اور حوصلہ افزا ہے کہ ایک طالبہ نے آرٹس اسٹریم میں ٹاپ کیا ہے اور کامرس میں دوسری اور تیسری پوزیشن بھی لڑکیوں نے حاصل کی ہے۔ اسی طرح سائنس میں دوسری ٹاپر بھی ایک لڑکی ہے'۔

پروفیسر رضوی نے کہا کہ 'اس سال بہتر نتائج کا سہرا جامعہ اسکولوں کے اساتذہ کی متواتر کوششوں کو جاتا ہے جنھوں نے سال بھر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے محنت اور کاوش کی کہ ہمارے طلبہ تینوں اسٹریم میں بہتر کریں اور اعتماد اور مقابلہ جاتی روح کے ساتھ یونیورسٹی میں داخل ہوں۔ کنٹرولر امتحانات کے دفتر نے بھی امتحان منعقد کرانے سے لے کر نتائج کے اعلان تک کی پوری کاروائی بروقت اور خوش اسلوبی سے مکمل کرنے کے لیے انتھک کوششیں کیں'۔

پروفیسر پون کمار، کنٹرولر امتحانات نے پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، جامعہ ملیہ اسلامیہ مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بیش قیمت رہنمائی اور لگاتار تعاون کے تئیں جذبہ امتنان کا اظہار کیا جس نے امتحانات کے کامیاب انعقاد اور نتائج کے بروقت اعلان میں اہم رول ادا کیا۔ پروفیسر شرما نے ڈاکٹر احتشام الحق، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر سنیل

،اسسٹنٹ کنٹرولرامتحانات اوردفتر،کنٹرولرامتحانات کی پوری ٹیم کی مخلصانہ کوششوں اور بروقت نتائج کے اعلان کویقینی بنانے کے لیے سخت کاوشوں اوران کے عہد کی تعریف کی۔

اس موقع پر پروفیسر شرمانے کہا کہ 'نتائج کا بروقت اعلان ہمارے اسٹاف کے خلوص ولگن، کام کی اہلیت اورٹیم ورک کا پختہ ثبوت ہے۔امتحان سے متعلقہ تمام کاروائیوں میں اعلی معیار کی پاس داری اورشفافیت کے ہم پابند عہد رہے''۔

پلوی گوریانے آرٹس اسٹریم میں ستانویں اعشاریہ چار فی صدنمبرات کے ساتھ ٹاپ کیا ہے جب کہ ثمینہ زہرازیدہ نے ستانویں فی صد کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی اورشاہدریاض حسن چھیانوے اعشاریہ آٹھ فی صد کے ساتھ تیسری پوزیشن پر رہے۔

کامرس اسٹریم میں فرحان راشق نے پنچانوے اعشاریہ آٹھ فی صد کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جب کہ مریم نے پنچانوے اعشاریہ چھ فی صد کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا اور ماریہ کمال پنچانوے اعشاریہ دو فی صد کے ساتھ تیسرے مقام پر رہیں۔سائنس اسٹریم میں محمد یاسر اور ثناء اللہ نے ستانوے اعشاریہ دو فی صد کے ساتھ پہلے مقام پر دونوں کے درمیان ٹائی ہوگیا،عالیہ بی نے چھیانوے اعشاریہ آٹھ فیصد کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا اورانیس کوثر نے چھیانوے اعشاریہ چار فیصد کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔

جامعہ میں پہلی مرتبہ ہورہا ہے کہ طلبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے آفیشیل امتحان پورٹل اپنے نتائج دیکھ سکتے ہیں:

http://jmiregular.ucanapply.com/examinationsystemjmi/schoolresult.php

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی،تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ